سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی نو آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۹ عَمَّ ۲۹/۳۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝۱ ہر طعن آمیز اشارتیں کرنے والے چغل خور کی خرابی ہے ①

الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝۲ جو مال جمع کرتا اور اُس کو گن گن کر رکھتا ہے ②

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝۳ اور خیال کرتا ہو کہ اُس کا مال اُسکی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہوگا ③

كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝۴ ہرگز نہیں وہ ضرور حُطمہ میں ڈالا جائے گا ④

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝۵ اور تم کیا سمجھے کہ حُطمہ کیا ہے ⑤

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝۶ وہ خدا کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے ⑥

الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝۷ جو دلوں پر جا لپٹے گی ⑦

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝۸ (اور) وہ اس میں بند کر دیئے جائیں گے ⑧

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹ یعنی (آگ کے) لمبے لمبے ستونوں میں ⑨

THE TRADUCER

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. Woe unto every slandering traducer,
2. Who hath gathered wealth (of this world) and arranged it:
3. He thinketh that his wealth will render him immortal.
4. Nay, but verily he will be flung to the Consuming One
5. Ah, what will convey unto thee what the Consuming One is!
6. (It is) the fire of Allah, kindled,
7. Which leapeth up over the hearts (of men).
8. Lo! it is closed in on them
9. In outstretched columns.

اسرار و معارف

بہت بڑی خرابی ہے ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اسلام پر عمل کرنے کی بجائے طعنہ زنی اختیار کی اور اعتراضات تراشتے رہے بات صرف یہ تھی کہ وہ دولتِ دنیا سمیٹنا چاہتے تھے حلال و حرام کی پرواہ کئے بغیر مال بڑھاتے رہے اور گن گن کر خوش ہوتے رہے کہ شاید یہ ہمیشہ ان کے پاس رہے گا ایسا ہرگز نہ ہوگا یہاں سے سب چھوڑ کر جانا پڑے گا اور آخرت میں روندنے والی جہنم میں پھینکے جائیں گے جو جہنم کا وہ حصہ ہے جسکی آگ اتنی سخت ہے کہ کہیں بدن کو چھو جائے تو شعلہ دل میں جا بھڑکتا ہے اور ایسے لوگوں کو نہ صرف ان میں ڈالا جائے گا بلکہ یہ اسکے بڑے بڑے ستونوں میں گھرے ہوں گے اور اُوپر سے بند کر دیا جائیگا جیسے کسی کو صندوق وغیرہ میں ڈھک دیا جائے۔